15/06/2022

پریس اطلاعات بیورو
(اردو یونٹ)
محکمۂ اطلاعات و رابطۂ عامہ، اترپردیش، لکھنؤ

وزیر نقل وحمل کی جائزہ میٹنگ

-لکھنؤ: ۱۵/جون ۲۰۲۲ء

اتر پردیش کے وزیر ریاست برائے نقل وحمل (آزاد چارج) جناب دیاشنکر سنگھ نے آج ٹرانسپورٹ کارپوریشن میں 100 دنوں کے ورک پلان کے تحت طے شدہ اہداف کو حاصل کرنے کے سلسلہ میں محکمۂ نقل وحمل کے افسران کے ساتھ جائزہ میٹنگ کی۔انہوں نے کہا کہ 100 دنوں کے طے شدہ اہداف کو معینہ مدت میں پورا کرنا ہے۔

وزیر نقل وحمل نے بریلی، جھانسی اور علی گڑھ میں زیر تعمیر مینوول ڈرائیونگ ٹیسٹنگ سینٹر کی پیش رفت کا جائزہ لیا۔متعلقہ افسران نے بتایا کہ مذکورہ ڈرائیونگ ٹیسٹنگ سینٹر تیار ہو چکا ہے۔100 دنوں کے ورک پلان کے تحت اس کا افتتاح کیا جائیگا۔انہوں نے کہا کہ ان سینٹروں کا اسٹاف، آلات وغیرہ کی مناسب بندوبست ہونا چاہیئے۔کسی قسم کی شکایت نہ ملے۔اس کے علاوہ بریلی میں آٹومیٹیڈ ڈرائیونگ ٹیسٹنگ سینٹر کا بھی 100 دنوں کے ورک پلان کے تحت عوام کو معنون کیا جائیگا۔

وزیر نقل وحمل نے ہائی سکیورٹی نمبر پلیٹ کو مہم چلاکر صد فیصد ہدف حاصل کرنے کی ہدایت دی۔انہوں نے کہا کہ پرانی گاڑیوں اور نئی نکلنے والی گاڑیوں کو الگ کرتے ہوئے ہائی سکیورٹی نمبر پلیٹ لگانے کا کام کیا جائے۔ اس سے جہاں ایک طرف حفاظتی نظام مضبوط ہوگا وہیں اوورلوڈ گاڑیوں کے خلاف کارروائی کرنے میں آسانی ہوگی۔جناب دیاشنکر سنگھ نے artificial intelligence پر مبنی لرنر لائیسنس عمل کے بارے میں محکمہ سے معلومات حاصل کی اور اس میں پیش آنے والی دشواریوں کو دور کرنے کی ہدایت دی۔اتر پردیش کے لوگوں کو آسان لائیسنسنگ سہولت فراہم کرانا ہماری ذمہ داری ہے۔

جناب سنگھ نے کارپوریشن کے بیڑے میں 150 نئی بسوں کو جوڑنے کی ایکشن پلان کے بارے میں محکمہ جاتی افسران سے معلومات حاصل کی اور اسے دو مراحل میں شامل کرنے کی منصوبہ بنانے کی ہدایت دی۔ ٹرانسپورٹ کارپوریشن کے ایم ڈی نے بتایا کہ 75 بسیں جولائی مہینے کے پہلے ہفتہ میں فراہم کرادی جائیگی۔باقی 75 بسوں کو 100 دنوں کا ورک پلان کے تحت آمدورفت کیلئے فراہم کرادی جائیں گی۔

☆☆☆☆☆